Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 12 Preparation

Q1. سورۃ الفرقان کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ الفرقان مکی سورت ہے - اس میں ستتر آیات ہیں-

Q2. الفاظ کے معنی تحریر کریں- مبرکا- الصلوۃ- مادمت - جبارا- یمترون- فیکون- الزکوۃ- شقی-ابعث-ان یتخذ

Ans 1: مبرکا- بابرکت - اصلوۃ- نماز مادمت - جب تک میں رہوں- جبارا - سرکش یمترون - وہ لوگ شک کرتےہیں- فیکون - تووہ ہوجاتا ہے الزکوۃ- زکوۃ شقی- بدبخت ابعث- میں اٹھایا جاؤں ان یتخذ - کہ وہ بنائے

Q3. اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ کیوں بنائے

Ans 1: اللہ تعالی نے زمین پر پہاڑ اس لیے بنائے ہیں کہ کہ زمین ہنے نہ پائے . اللہ نے پہاڑوں کو زمین میں میخوں کی طرح گاڑ دیا.

Q4. سورۃ لقمٰن می کتنی آیات ہیں-

Ans 1: سورہ لقمٰن میں چونتیس آیات ہیں

Q5. فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کیا دھمکی دی.

Ans 1: فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دھمکی دی کہ اگر تم نے میرے سوا کسی اور کہ الہ مانا تو میں تھ کو قید میں ڈال دوں گا.

Q6. سورہ السجدہ کی آیات اور رکوع کتنے ہیں

Ans 1: سورہ السجدہ کی آیات 30 اور رکوع 3 ہیں

Q7. سورۃ یٰسین کے دوسرے حصے میں کیا بیان کیا گیاہے.

Ans 1: سورۃ یٰسین کے دوسرے حصے میں اللہ تعالی کی وحدانیت ، نعتوں اور اس کی قدر توں کا بیان ہے. سورج ، چاند، ستاروں اور کائنات کے اس شاندار نظام کو اللہ تعالی کی قدرت کا مظہر قرار دیا گیا ہے.

Q8. سورہ الروم کا آغاز کن حروف سے ہوتا ہے.

Ans 1: سورہ الروم کا آغاز سورہ البقرہ کی طح حروف مقطعات میں الم سے ہوتا ہے.

Q9. سورۃالفرقان کا خلاصہ لکھیں-

Ans 1: سورہ فرقان کے آغاز میں اللہ تعالی کی عظمت، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ختام النبین کی شان اور قرآن مجید کی حقانیت کا نامع بیان ہے. جھوٹے خداؤں کی بے بسی اور لاچارگی کا زکر ہے- قرآن مجید اور عقیدہ رسالت پر مشرکین کے اعتراضات کا بھر پور جواب دیا گیا ہے. سورہ فرقان کا خُلاصہ اسلام کے بنیادی عقائد کا اثبات اور کفار کے اعتراضات کا جواب ہے.

Q10. زات الحوت کس نبی کو کہتے ہیں.

Ans 1: زات الحوت حضرت یونس علیہ السلام کو کہتے ہیں